یو ایس ڈپارٹمنٹ آف لیبر(**U.S. Department of Labor**)
اجرت اور گھنٹے کی تقسیم

(دسمبر 2011)

پرچۂ حقائق #77A: فیئر لیبر اسٹینڈرڈز ایکٹ (FLSA)کے تحت انتقامی کارروائی کی ممانعت

یہ پرچۂ حقائق کسی بھی ایسے ملازم کے خلاف جس نے کوئی شکایت درج کرائی ہو یا کسی تحقیق میں تعاون کیا ہو FLSA کی انتقامی کارروائی کی ممانعت سے متعلق عام معلومات فراہم کرتا ہے۔

ڈپارٹمنٹ آف لیبر کا اجرت اور گھنٹے سے متعلقہ ڈویژن FLSA، کام کی اجرتوں اور گھنٹوں سے متعلق سب سے عمومی اطلاق کا وفاقی قانون، کو روبےکاراور نافذ کرتا ہے۔ بیمہ کے ذریعہ تحفظ فراہم کردہ تمام غیر مستثنی ملازمین کو کام کے تمام اوقات کے لئے موجودہ کم سے کم وفاقی اجرت سے کم نہ ادا کیا جائے اور کام کے ہفتہ میں 40 سے زیادہ کام کے تمام گھنٹوں کے لئے، وقت پر اور عام قیمت کے نصف کے لحاظ سے اضافی اوقات کی ادائیگی کی جائے۔ اجرت اور گھنٹے سے متعلقہ ڈویژن اپنے شکایت پر مبنی اور انتظامی تحقیقی روگراموں کے واسطہ سے FLSA کی خلاف ورزیوں کی تحقیق کرتا ہے۔

ممانعتیں

FLSA کا سیکشن 15(a)(3) بیان کرتا ہے کہ کسی بھی شخص کے لئے "کسی ملازم کو اس وجہ سے فارغکرنا یا اس کے خلاف کسی دیگر طریقہ سے امتیاز برتنا کہ اس ملازم نے کوئی شکایت درج کرائی ہے یا ایکٹ کے تحت یا اس سے متعلق کسی عدالتی کارروائی کا آغاز کیا ہے یا اس کے آغاز کا سبب بنا ہے، یا اس قسم کی کسی قانونی کارروائی میں شہادت دی ہے یا شہادت دینے والا ہے یا کسی صنعتی کمیٹی میں کام کیا ہے یا کام کرنے والا ہے" قانون کی خلاف ورزی ہے۔

ملازمین کی حفاظت کی جاتی ہے قطع نظر اس کے کہ آیا شکایت زبانی کی جاتی ہے یا تحریری شکل میں۔ اجرت اور گھنٹے سے متعلقہ ڈویژن میں درج کرائی جانے والی شکایات کو تحفظ فراہم کیا جاتا ہے اور زیادہ تر عدالتوں نے اصول بنائے ہیں کہ کسی آجر سے کی جانے والی داخلی شکایات کا بھی تحفظ کیا جائے۔

بیمہ کے ذریعہ تحفظ

چونکہ سیکشن 15(a)(3) "کسی بھی شخص" کو "کسی بھی ملازم" کے خلاف انتقامی کارروائی کرنے سے روکتا ہے، اس لئے یہ تحفظ کسی آجر کے تمام ملازمین پر لاگو ہوتا ہے یہاں تک کہ ان صورتوں میں بھی جن میں FLSA کے ذریعہ ملازم کے کام اور آجر کو تحفظ فراہم نہ کیا گیا ہو۔

FLSA کے بیمہ کے ذریعہ تحفظ سے متعلق مزید معلومات کے لئے، برائے مہربانی http://www.dol.gov/whd/regs/compliance/whdfs14.htm پر پرچۂ حقائق 14 دیکھیں۔

سیکشن 15(a)(3)-صورتوں میںبھی لاگو ہوتا ہے جہاں فریقوں کے درمیان حالیہ ملازمتی رشتہ نہ پایا جاتا ہو؛ مثال کے طور پر، یہ کسی ملازم کو سابقہ آجر کے ذریعہ انتقامی کارروائی سے بچاتا ہے۔

تنفیذ

کوئی بھی ملازم جسے "اس وجہ سےبرطرفکیا جاتا یا اس کے خلاف کسی دیگر طریقہ سے امتیاز برتا جاتا ہے" کہ، مثال کے طور پر، اس نے کوئی شکایت درج کرائی ہے یا کسی تحقیق میں تعاون کیا ہے، وہ اجرت اور گھنٹے سے متعلقہ ڈویژن میں انتقام سے متعلق شکایت درج کراسکتا ہے یا مناسب حل تلاش کرتے ہوئے نجی کارروائی کی وجہ درج کراسکتا ہے جس میں شامل ہیں ملازمت، باز تقرری، کھوئی ہوئی اجرت اور کاروبار کے خاتمہ سے ہونے والے نقصانات کے طور پر ایک اضافی مساوی رقم، لیکن یہ صرف انہیں تک محدود نہیں ہے۔

مزید معلومات کہاں سے حاصل کریں

مزید معلومات کے لئے، ہمارے اجرت اور گھنٹے سے متعلقہ ڈویژن کی ویب سائٹ دیکھیں:http://www.wagehour.dol.govاور/یا ہماری ٹول فری معلومات اور ہیلپ لائن پر کال کریں، جو آپ کے ٹائم زون،
1-866-4USWAGE (1-866-487-9243)، میں 8 بجے صبح سے 5 بجے شام تک دستیاب ہے۔

یہ اشاعت عام معلومات کے لئے ہے اور ضوابط میں شامل کردہ منصب کے انہیں رسمی بیانات کی روشنی میں دیکھنے کے لئے نہیں ہے۔

U.S. Department of Labor
Frances Perkins Building
200 Constitution Avenue, NW
Washington, DC 20210

1-866-4-USWAGE
TTY: 1-866-487-9243
ہمسے رابطہکریں